باب: 11

# الجبرا

# (Algebra)

## 11.1 تعارف (Introduction)

اب تک ہم نے اعداد اور اشکال کے بارے میں پڑھا ہے اور اعداد، اعداد پر عملیات اور اعداد کی خصوصیات کے بارے میں بھی پڑھا ہے، ہم نے اعداد کی اس جانکاری کو اپنی روز مرہ زندگی کے مختلف مسئلوں کو حل کرنے پر استعمال بھی کیا۔ ریاضی کی وہ شاخ جس میں ہم اعداد کے بارے میں پڑھتے ہیں ''حساب'' کہلاتی ہے۔ ہم نے دو اور سہ ابعادی(two and three dimensional) اشکال اور ان کی خصوصیات کے بارے میں بھی پڑھا ہے۔ ریاضی کی وہ شاخ جس میں ہم اشکال کے بارے میں پڑھتے ہیں ''جیومیٹری'' کہلاتی ہے۔ اب ہم ریاضی کی ایک اور شاخ کے بارے میں پڑھنے جارہے ہیں جس کو ''الجبرا'' کہتے ہیں۔

جس نئی شاخ کو ہم پڑھنے جارہے ہیں اس کی اصل خاصیت حروف کا استعمال ہے، حروف کا استعمال ہمیں عام طریقے سے اصول (rules) اور فارمولے لکھنے میں مددگار ہوگا۔ حروف کا استعمال کرکے ہم کسی مخصوص عدد کے بارے میں ہی نہیں بلکہ ہر عدد کے بارے میں بات کرسکتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ ان حروف کا استعمال نا معلوم مقدار کو ظاہر کرنے کے لیے کیا جاسکتا ہے۔ نا معلوم کو معلوم کرنے کے طریقے سیکھنے سے ہمارے اندر روز مرہ زندگی کے مسائل اور مختلف معموں کو حل کرنے کی صلاحیت بڑھتی ہے۔ تیسرے یہ کہ کیونکہ حروف اعداد کے لیے ہی استعمال ہوتے ہیں اس لیے اعداد پر کیے جانے والے سبھی عملیات ان حروف پر بھی نافذ ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ہم یہ الجبری عبارتوں اور ان کی خصوصیات کا مطالعہ کرتے ہیں۔

آپ الجبرا کو بہت دلچسپ اور کارآمد پائیں گے۔ یہ مختلف سوالات کو حل کرنے میں بہت مددگار ہوتا ہے۔ آیئے ہم اپنے مطالعہ کا آغاز آسان مثالوں سے کریں۔

© NCERT not to be republished